**22.09.2026**

**21.15 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں .............ماجد علی

**Music**

---

☆ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے گجرات کے ایکتا نگر میں سال 2024 کیلئے 72ویں قومی فلم ایوارڈس عطا کئے۔ سرکردہ کنڑ اداکار Anant Nag کو دادا صاحب پھالکے ایوارڈ سے سرفراز کیا گیا۔ یامی گوتم، کارتک آرین اور مموتی کو بہترین اداکار کے ایوارڈ دیئے گئے۔

☆ بھارت نے افغانستان کے کُنار اور پکتیکا صوبوں پر پاکستانی فضائی حملوں کی مذمت کی ہے۔ اُس نے علاقائی امن واستحکام کو خطرے کیلئے پاکستان کی تنقید کی۔

☆ وزیر داخلہ امت شاہ نے منشیات کے خلاف سخت اور فیصلہ کن کارروائی پر زور دیا ہے۔ انھوں نے کہا ہے کہ حکومت 2029 تک بھارت سے منشیات کی غیرقانونی تجارت کوختم کردے گی۔

☆ مرکز نے اُڑان اسکیم کے اگلے مرحلے کیلئے 21ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں کے ساتھ معاہدے کئے ہیں۔ ملک بھر میں 100نئے ہوائی اڈّے اور 200ہیلی پیڈس تعمیر کرنے کا ہدف رکھا ہے۔

☆ آئندہ دو روز کیلئے چھتیس گڑھ، اڈیشہ، ساحلی آندھراپردیش اور تلنگانہ میں انتہائی شدید بارش کا ریڈالرٹ جاری کیا گیا ہے۔

☆ اور ایشیائی گیمز میں بھارتی خواتین کرکٹ ٹیم نے ملک کا پہلا سونے کا تمغہ جیتا ہے، جس کے بعد تمغوں کی کُل تعداد 7ہوگئی ہے۔

---

**Music**

اب خبریں تفصیل سے......

***Guj National Awards***

صدرِ جمہوریہ دروپدی مرمو نے زور دیا ہے کہ سینما بھارت کی وسیع ثقافتی گوناگونیت کی عکاسی کرتا ہے اور یہ مختلف زبانوں، علاقائی نقطۂ نظر اور جامع قومی امنگوں کو مربوط کرنے کے ایک پُل کے طور پر کام کرتا ہے۔ گجرات کے ایکتا نگر میں تاریخی 72ویں قومی فلم ایوارڈس کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے صدر مرمو نے ایوارڈ حاصل کرنے والے فنکاروں اور فلمسازوں کو بھارتی سینما میں اُن کے غیرمعمولی تخلیقی تعاون کیلئے مبارکباد دی۔ صدر جمہوریہ نے کہا کہ بھارتی سینما ملک کے مشترکہ خوابوں اور سماجی سفر کے اظہار میں ایک کلیدی رول ادا کر تا ہے۔

**S/B President**

تخلیقی صنعت میں زیادہ سے زیادہ شمولیت اور نمائندگی پر زور دیتے ہوئے صدر جمہوریہ نے فلموں کی جیوریز اور فیصلہ سازی کے اداروں میں خواتین کی زیادہ شرکت کی وکالت کی۔ صدر جمہوریہ نے محنت کرنے والوں کے وقار کے تحفظ اور کیمرے کے پیچھے کام کرنے والے عملے کے ساتھ مناسب برتاؤ کی اہمیت کو بھی اجاگر کیا جو فلم پروڈکشن کی اصل بنیاد ہیں۔

**S/B President**

با اثر فلمی شخصیات سے اپنی سماجی ذمہ داری کو تسلیم کرنے پر زور دیتے ہوئے صدر مرمو نے صحتمند طرزِ زندگی کو فروغ دیتے ہوئے اور نقصاندہ اشیاء کے اشہارات سے گریز کرتے ہوئے اُنھیں نوجوانوں کیلئے ایک مثبت مثالی کردار کے طور پر خود کو پیش کرنے کا مشورہ دیا۔

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے آج گجرات کے ایکتانگر میں 72ویں قومی فلم ایوارڈس عطا کئے، جس میں سال 2024 کیلئے سینما میں گرانقدر خدمات کیلئے فنکاروں کو اعزازات سے نوازا گیا۔

پیش ہے ایک رپورٹ........

**VC Aparna Khunt**

گجرات کے ایکتا نگر میں مجسمہ اتحاد کے عظیم الشان پس منظر میں صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے ملک بھر کے کُل 92ایوارڈ یافتگان کو اعزازات سے نوازا۔ سرکردہ اداکار Anant Nag کو پانچ دہائیوں پر مبنی بھارتی سینما میں اُن کے غیرمعمولی تعاون کیلئے 2024 کیلئے دادا صاحب پھالکے ایوارڈ سے سرفراز کیا گیا۔فیچر فلم کے زمرے میں آرٹیکل 370 کو بہترین فیچر فلم کیلئے سوَرن کمل ملا۔ سرکردہ اداکار Mammootty کو Bramayugam کیلئے اور کارتک آرین کو چندو چمپئن کیلئے مشترکہ طور پر بہترین اداکار کا ایوارڈ ملا۔ Yami گوتم کو فلم آرٹیکل 370 کیلئے بہترین اداکارہ کا ایوارڈ دیا گیا۔ غیر فیچر فلم زمرے میں مراٹھی فلم Bhangaar کو بہترین غیر فیچر فلم کا ایوارڈ ملا۔

احمدآباد سے Aparna Khunt کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں ارجمند علی خان

***Water Week***

نائب صدر جمہوریہ سی پی رادھا کرشنن نے آج نئی دلّی میں نویں انڈیا انٹرنیشنل Water Week 2026 کا افتتاح کیا۔ اِس پانچ روزہ تقریب میں آب وہوا کیلئے پائیدار پانی کے بندوبست کے موضوع پر توجہ مرکوز کی جائے گی۔ نیدرلینڈ اور جرمنی انڈیا انٹرنیشنل Water Week 2026 میں شراکتدار ممالک کے طور پر شرکت کر رہے ہیں۔ اِس کا مقصد بین الاقوامی اشتراک کو فروغ دینا اور پانی کے پائیدار بندوبست کے سلسلے میں عالمی مہارت کے

تبادلے کو یقینی بنانا ہے۔ افتتاحی تقریب کے دوران خطاب میں نائب صدر نے کہا کہ پانی، زندگی اور تہذیبوں کی بنیاد ہے اور انھوں نے اس کے منصفانہ استعمال، بچت اور موثر بندوبست کی ضرورت پر زور دیا۔

انھوں نے کہا کہ کوئی واحد ادارہ، شعبہ یا سرکار اکیلے پانی سے متعلق چیلنجوں سے نمٹ نہیں سکتا اور انھوں نے اِس سلسلے میں زیادہ اشتراک اور تال میل پر مبنی طریقۂ کار پر زور دیا۔

**S/B C P Radhakrishnan**

نائب صدر جمہوریہ نے مزید اِس بات پر زور دیا کہ اِس معاملے میں کثیر فریقی اور کثیر رُخی طریقۂ کار کی ضرورت ہے تاکہ تکنیکی اختراع، معقول پالیسی، سائنسی معلومات، مقامی تجربات اور کمیونٹی کی شمولیت کو یقینی بنایا جاسکے۔

جناب رادھا کرشنن نے کہا کہ آب وہوا کی تبدیلی کے سبب بارش کی صورتحال زیادہ غیر یقینی ہو رہی ہے اور اِس کی وجہ سے زیادہ بارش اور زیادہ طویل عرصے تک بالکل بھی بارش نہ ہونے سے نمٹنے کیلئے طریقۂ کار کی ضرورت پیش آرہی ہے۔

انھوں نے اِس بات پر زور دیا کہ زیر زمین پانی کو ریچارج کرنا، بارش کے پانی کو ذخیرہ کرنا اور موثر آبپاشی پانی کی بچت کے جامع طریقۂ کار لازمی طور پر حصہ ہونے چاہئیں۔

اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے جل شکتی کے وزیر سی آر پاٹل نے پانی کی بچت کی اہمیت کو اجاگر کیا اور کہا کہ حکومت ملک کے ہر شہری کو محفوظ اور معقول پینے کا صاف پانی فراہم کرنے کیلئے عہد بستہ ہے۔ انھوں نے کہا کہ پانی ایک مشترکہ وسیلہ ہے لٰہذا سب کیلئے پانی کی یقینی فراہمی بھی ایک مشترکہ ذمہ داری ہے۔ آکاشوانی نیوز سے خصوصی بات چیت میں بھارت میں نیدر لینڈ کی سفیر Marisa Gerards نے کہا کہ پانی کی بچت بھارت – نیدر لینڈ کلیدی شراکتداری کا ایک اہم ستون ہے۔x

***MEA Pakistan***

بھارت نے افغانستان کے کُنار اور پکتیکا صوبوں پر پاکستانی فضائی حملوں کی سخت مذمت کی ہے۔ آج شام نئی دلّی میں میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے وزارتِ خارجہ کے ترجمان رندھیر جیسوال نے کہا کہ ایک خودمختار ہمسایے کے خلاف جارحیت کے ایسے واقعات علاقائی امن واستحکام کیلئے خطرہ ہیں۔

انھوں نے افغانستان کی خودمختاری اور علاقائی سالمیت کے ساتھ ساتھ اُس کے عوام کی فلاح وبہبود کیلئے بھارت کی فوری مدد کا اعادہ کیا ہے۔ ترجمان نے فضائی حملوں میں جان گنوانے والے شہریوں کے تئیں تعزیت کا اظہار کیا اور زخمیوں کی جلد صحتیابی کی دعا کی۔

**S/B Randhir Jaiswal**

پاکستانی فیلڈ مارشل عاصم منیر کے اِس بیان پر کہ پاکستانی مسلح فورسز دہشت گردی سے نمٹنے کیلئے مسلسل عہد بستہ ہیں، جناب جیسوال نے کہا کہ پاکستان کو اِس سلسلے میں کارروائی اور پختہ عزم کا مظاہرہ کرنے کی ضرورت ہے۔ انھوں نے کہا کہ اسلام آباد کو اِس سے پہلے کہ دنیا اُن کے کہے پر یقین کرے، سرحد پار دہشت گردی کے خلاف موثر کارروائی کرنی چاہئے۔x

## Shah ANTF Conference

وزیر داخلہ امت شاہ نے منشیات کی تجارت کے خلاف یہ کہتے ہوئے سخت اور فیصلہ کن کارروائی پر زور دیا ہے کہ منشیات، ملک اور دنیا کیلئے ایک سنگین خطرہ ہیں۔ آج نئی دلّی میں ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں کے سربراہان کی منشیات کے خلاف ٹاسک فورس کی تیسری قومی کانفرنس کا افتتاح کرتے ہوئے جناب شاہ نے کہا کہ حکومت، ملک کے نوجوانوں کے تحفظ اور بھارت کو منشیات سے مبرّا کرنے کیلئے 2029 کیلئے ایک نقش راہ تیار کر رہی ہے۔ انھوں نے کہا کہ 2047 تک ایک ترقی یافتہ بھارت کے وزیراعظم نریندر مودی کے وژن کو حاصل کرنے کیلئے منشیات سے مبرّا بھارت کا ہدف انتہائی اہم ہے۔x

## Seva Sankalp Abhiyan GeM

وزیر اعظم نریندر مودی عوامی خدمت کے 25برس مکمل کر رہے ہیں، جو جن سیوا سے دیش سیوا کے منتر پر مبنی ہیں اور اِس پختہ عہد کا سلسلہ جاری ہے۔ سیوا اور سُشاسن کے اِس نظریے کے تحت حکومت 2047 تک وکست بھارت کے ہدف کو حاصل کرنے کی خاطر انتھک کام کر رہی ہے۔ سب کی شمولیت والی ترقی اور سماجی طور پر بااختیار بنائے جانے کے ذریعے لوگوں کی زندگیوں میں یکسر تبدیلی لائی جارہی ہے۔ آج اپنی خصوصی سیریز میں ہم اِس بات کا تذکرہ کریں گے کہ گورنمنٹ ای–مارکیٹ پلیس GeM کے ذریعے کس طرح اِس نظریے کو حقیقت میں تبدیل کیا گیا۔

**VC Dipendra**

اگست 2016میں شروع کیا گیا حکومت کا ای–مارکیٹ پلیس، GeM، ملک میں سرکاری خرید کیلئے ایک بڑا ڈیجیٹل پلیٹ فارم بن کر ابھرا ہے۔ یہ پلیٹ فارم، بیچنے والوں اور خریدنے والوں کو ایک مشترک آن لائن پلیس تک لے آتا ہے۔ 2023میں ٹیکنالوجی کا استعمال کرتے ہوئے روز مرہ کی زندگی کو آسان بنانے پر بجٹ کے بعد ایک ویبنار سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعظم نریندر مودی نے اِس بات کو اجاگر کیا کہ GeM پورٹل نے کس طرح چھوٹی صنعت کے مالکان اور ریڑی پٹری لگانے والوں کو حکومت کی خریداری کے عمل میں شامل ہونے کیلئے بااختیار بنایا ہے۔

**S/B: Narendra Modi**

GeM کے سی ای او Mihir کمار نے آکاشوانی نیوز سے بات کرتے ہوئے بتایا کہ GeM کی تجارت 2016-17میں 422 کروڑ روپے سے بڑھ کر اب 20لاکھ کروڑ روپے سے زیادہ ہوگئی ہے۔

**S/B: Mihir Kumar**

GeM پلیٹ فارم پر فروخت کرنے والے افراد کی تعداد میں بھی اضافہ ہوا ہے

اور یہ 3ہزار سے بڑھ کر25لاکھ ہوگئی ہے۔ چھوٹی، بہت چھوٹی صنعتوں، خواتین انٹرپرینور، اسٹارٹ اپس اور دیگر فروخت کرنے والے افراد کی شمولیت سے GeM ملک میں ڈیجیٹل سرکاری خریداری کی پہنچ میں مسلسل اضافہ کر رہا ہے۔
نئی دلّی سے دپیندر کمار کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کے لیے میں توحید حقانی

## Udan Scheme MoU Signing

21ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں نے آج نئی دلّی میں شہری ہوا بازی کی وزارت کے ساتھ اڑان یعنی اڑے دیش کا عام ناگرک اسکیم کے اگلے مرحلے کے تحت ایک مفاہمت نامے پر دستخط کیے ہیں۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے شہری ہوا بازی کے وزیر رام موہن نائیڈو نے اگلے مرحلے کے وژن کو اجاگر کیا۔ وزیر موصوف نے بتایا کہ اسکیم کو مزید 10سال کیلئے توسیع دینے سے حکومت کا مقصد ملک میں 100نئے ہوائی اڈّے اور 200جدید heliports یا helipads تعمیر کرنا ہے۔ جناب نائیڈو نے اِس بات کو اجاگر کیا کہ 2014میں شہری ہوا بازی کے شعبے میں تقریباً 30لاکھ ملازمتیں تھیں، جو بڑھ کر آج تقریباً 77لاکھ ہوگئی ہے اور 2040 تک اِن کی تعداد ڈھائی کروڑ ہونے کی توقع ہے۔

**S/B: Ram Mohan Naidu**

جناب نائیڈو نے بتایا کہ اڑان اسکیم کے تحت پچھلے 10برسوں میں 90سے زیادہ ہوائی اڈے تعمیر کیے گئے ہیں، جس سے تقریباً ایک کروڑ 54لاکھ مسافروں کو آرام دہ فضائی سفر کی سہولیات فراہم کی جا رہی ہیں۔ اس تقریب میں Aerodome ڈیولپمنٹ کیلئے چیلنج Mode پورٹل بھی شروع کیا گیا اور اڑان route کی بولی کے اگلے مرحلے کیلئے اسکیم دستاویز جاری کیے گئے۔ Route کی بولی کے اِس مرحلے کے عمل سے اُن علاقوں تک خدمات پہنچانے میں آسانی ہوگی، جہاں ابھی فضائی خدمات یا تو بالکل نہیں ہیں یا جہاں فضائی خدمات بہتر صورتحال میں نہیں ہیں۔ x

## PM Rahino Day

گینڈے(Rhino Day) کے عالمی دن کے موقع پر وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا کہ بھارت کیلئے ایک سینگ والے گینڈے نہایت اہم ہیں اور وہ تمام لوگ احترام کے قابل ہیں جو اس کے تحفظ میں لگے ہوئے ہیں۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر جناب مودی نے کہا کہ آسام، دنیا میں پائے جانے والے ایک سینگ والے گینڈوں میں 80فیصد کا گھر ہے اور ان کے شکار کو کم کرنے کیلئے کازی رنگا کی کوششیں قابل ستائش ہیں۔ x

## IMD Weather

بھارتی محکمۂ موسمیات، IMD نے چھتیس گڑھ، اڈیشہ، ساحلی آندھرا پردیش اور تلنگانہ کے کچھ علاقوں میں اگلے دو دن کے دوران انتہائی شدید بارش کا ریڈ الرٹ جاری کیا ہے، جبکہ اروناچل پردیش، آسام، میگھالیہ، بہار،

جھارکھنڈ، کیرالم، مہاراشٹر، مغربی بنگال اور سکّم میں کل تیز بارش کی پیشگوئی کی ہے۔IMD نے کہا ہے کہ قومی راجدھانی خطے کے زیادہ تر حصوں میں آسمان صاف رہے گا اور بارش کا امکان نہیں ہے۔x

## Asian Games

بھارت کے خواتین کرکٹ ٹیم نے ایشین گیمز میں مسلسل دوسری مرتبہ سونے کا تمغہ جیت کر اپنی برتری برقرار رکھی ہے۔ بھارت کی ٹیم نے آج جاپان کے Nisshin میں فائنل مقابلے میں سری لنکا کو 147رن سے ہرایا۔اِن ایشیائی گیمز میں یہ بھارت کا پہلا سونے کا تمغہ ہے۔ ابھی تک بھارت نے کُل 7 تمغے جیتے ہیں۔

وزیر اعظم نریندر مودی نے اِس کامیابی پر خواتین کرکٹ ٹیم کو مبارکباد دی۔ بھارت کی مردوں کی بیڈمنٹن ٹیم نے کوارٹر فائنلز میں میزبان جاپان کی ٹیم کو ہرا دیا اور اِس طرح اُس نے ایک اور تمغہ یقینی بنا لیا ہے۔ بھارت کے مکّے باز جادومنی سنگھ، مردوں کے 55 کلو گرام زمرے کے پری کوارٹر فائنل میں پہنچ گئے ہیں۔ x

☆☆☆☆☆☆☆☆☆